ماڈیول

تدریس اُردو

Teaching of Urdu

جماعت ششم تا ہشتم

برائے

ماسٹر ٹرینرز /ٹیچرز

(ان سروس ٹریننگ پروگرام)

نظامت نصاب وتعلیم اساتذہ صوبہ سرحد ایبٹ آباد

جنوری۔ فروری 2003

ماڈیول تدریس اُردو

(جماعت ششم تا ہشتم)

برائے

ماسٹر ٹرینرز/اساتذہ

(ان سروس ٹریننگ پروگرام)

سرپرست اعلیٰ عمر فاروق۔ ڈائریکٹر

ترتیب وتدوین: مس شمیم سرفراز۔ ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیچر ٹریننگ اور نصاب)

رہنمائی ومعاونت مس شمیم سرفراز

تصنیف تنویر حسین شاہ۔ ماہر مضمون (اردو)

گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول نواں شہر ایبٹ آباد

نظر ثانی خادم حسین شاہ۔ ماہر مضمون

گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول تربیلہ ٹاؤن شپ ہری پور

ناشر: نظامت نصاب وتعلیم اساتذہ صوبہ سرحد ایبٹ آباد

تاریخ اشاعت جنوری۔فروری 2003

کمپوزنگ: قاضی پرنٹرز اڈہ گامی ایبٹ آباد

طباعت: گورنمنٹ پرنٹنگ پریس صوبہ سرحد پشاور

نظامت نصاب وتعلیم اساتذہ صوبہ سرحد ایبٹ آباد

پیش لفظ

نظامت نصاب وتعلیم اساتذہ صوبہ سرحد ایبٹ آباد نے دوران ملازمت اساتذہ (In-service Teachers) کے لئے ایک جامع تربیتی کورس کا اہتمام کیا ہے۔ جس کے تحت صوبہ بھر کے مڈل، سیکنڈری اور ہائر سیکنڈری سکولوں کے تمام مضامین کے اساتذہ دوران ملازمت تربیتی کورس سے مستفید ہوں گے۔ اور ان کی پیشہ ورانہ مہارتوں کی نشوونما ہوگی۔

حکومت صوبہ سرحد سکول اور خواندگی پشاور کی تعلیمی پالیسی 2002 ---- 2004 تک عنوان ''ٹیچر ٹریننگ پروگرام'' کے تحت سکیم ''تعلیمی معیار کی بہتری کے لئے فعال تعلم کا ماحول بہتر بنانا'' کے پیش نظر ایک فعال اور جامع مہم کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ اور اس منصوبہ بندی کے تحت صوبہ بھر کے جماعت ششم سے انٹرمیڈیٹ تک سائنس اور آرٹس کے تمام مضامین کی فعال، مؤثر اور نتیجہ خیز تدریس کے لئے لائحہ عمل تیار کیا گیا ہے۔

دوران ملازمت ٹیچرز ٹریننگ پروگرام کو زیادہ فعال اور کامیاب بنانے کی غرض سے ایک ''سروے سٹڈی'' کا اہتمام کیا گیا۔ تاکہ طلبہ کی مشکلات تدریسی عملہ کی ضروریات اور متعلقہ مینیجرز کی توقعات پر مبنی معلومات اکھٹی کی جاسکیں۔

''سروے سٹڈی'' کے لئے تکنیکی آلات انٹرویو، سوالنامے، ''سروے سٹڈی فارم'' اور کمرہ جماعت کی مشاہدہ چیک لسٹ کی صورت میں وضع کئے گئے تھے۔ سروے سٹڈی کے لئے چند مڈل، ہائی، ہائر سکنڈری زنانہ/مردانہ، شہری/دیہاتی سکولوں کا انتخاب کیا گیا تھا۔ ریسرچ ٹیم ڈائریکٹریٹ آف کریکولم اینڈ ٹیچر ایجوکیشن صوبہ سرحد ایبٹ آباد کی ڈپٹی ڈائریکٹر ٹریننگ ونصاب اور لوکل آفس کے ماہرین مضمون پر مشتمل تھی۔

''سروے سٹڈی'' کی رپورٹ کی روشنی میں INSET پروگرام کا لائحہ عمل تیار کیا گیا۔ اور اس کے مطابق تربیت کار کے لئے راہنما اور زیر تربیت اساتذہ کے لئے ہر مضمون کے ماڈیولز تیار کر لیے گئے ہیں۔ جو جدید ترین فعال طریقہ تدریس کی مہارتوں کے عملی استعمال پر مشتمل ہیں۔

تمام مضامین کی فعال اور موثر تدریس پر مبنی یہ ماڈیولز اساتذہ کو اس قابل بنا سکتے ہیں کہ وہ اپنے اپنے مضامین کے لئے دوسرے عنوانات پر بھی اس طرز پر خود ماڈیولز تیار کریں۔ اور اپنی تدریس کو فعال اور نتیجہ خیز بنائیں۔ تربیتی کورس کے لئے رہنمائے تربیت کار اس طرح مرتب کیا گیا ہے جو دو حصوں پر مشتمل ہے۔ ایک کا ہدف جماعت ششم سے جماعت دھم تک اور دوسرے کا ہدف جماعت یازدھم --دوازدھم (انٹرمیڈیٹ) کی نتیجہ خیز اور فعال تدریس ہے۔

عمر فاروق

ڈائریکٹر

اُردو C.T

تعارف

جب ہمارا بچہ چھٹی جماعت میں آتا ہے تو اس کی عمر 12 بارہ سال کے لگ بھگ ہوتی ہے اسے پندرہ سال تک اس سطح پر رہنا ہوتا ہے جہاں ہمارے C.T اساتذہ اس کی تعلیم وتربیت پر معمور ہوتے ہیں۔ یہ سطح انتہائی اہم ہوتی ہے یہاں پانچویں تک رہ جانے والی کمی دور کرنا ہوتی ہے۔ اور سکینڈری سطح کیلئے مضبوط بنیاد فراہم کرنا ہوتی ہے۔ یہاں پہنچ کر بچوں کے ذخیرہ الفاظ میں اچھا خاصا اضافہ موجود ہوتا ہے۔ مگر عین ممکن ہے کہ اس کا احسن استعمال اور درست تلفظ کے ساتھ ادائیگی ابھی مسئلہ ہو۔ وہ اُردو زبان روانی کے ساتھ بول سکتا ہے مگر قواعد کی غلطیاں اس سے ہونا ناممکن نہیں ہے۔

یہی وہ سطح ہے جہاں ہم نے بچوں کو کہانیوں۔ ڈراموں۔ مضامین۔ لطیفوں اور قصوں کی طرف متوجہ کر کے ان میں لسانی مہارتیں پیدا کرنی ہیں یہاں بچے کو اردو کے بہت سے حصے سنوانے بھی ہیں تا کہ وہ ادائیگی اور تلفظ کی طرف بھی متوجہ ہو۔ کیونکہ ابھی تک شاید وہ اس طرف زیادہ توجہ نہیں دے سکا۔ اس کیلئے مختلف قسم کی سمعی وبصری معاونات کی اشد ضرورت ہے۔ یہی وہ سطح ہے جب ہم اسے مختلف مقامات پر لے جا کر اس کے متعلق لکھنے کو کہیں گے یوں اس کا تجربہ اور لسانی اپروچ یکجا ہو کر اس میں پختگی پیدا کرے گی۔

اس سطح پر ہم اُردو کی زیادہ اصناف متعارف کروائیں گے۔ جن میں نثر نظم کے علاوہ سفر نامہ، لطائف، مزاح،۔ قواعد، کہانی، مکالمہ اور دوسری اصناف شامل ہیں۔ یہ سطح بہت زیادہ زخیرہ الفاظ اور معلومات منتقل اور جذب کرنے کی سطح ہے اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا ہوگا۔ گروپ کا کام اس سطح پر زیادہ اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہاں بچہ اپنے آپ کو نمایاں کرنے میں زیادہ دلچسپی لیتا ہے۔ لہذا اس نفسیاتی ضرورت سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

مقاصد :

اس ماڈیول کو پڑھ کر استاد اس قابل ہو جائیں گے کہ۔

۱۔ اس طرز پر کئی ماڈیول خود تیار کر سکیں اور تدریس کو دلچسپ بنائیں۔

۲۔ اپنی تدریس کو فعالیتوں سے بھرپور کریں اور تحریک (Motivation) کے نئے زاویوں سے آگاہی پائیں۔

۳۔ کام کرنے کے ساتھ ساتھ کام لینا سیکھ لیں اور اس کی عادت ڈالیں

اور طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ۔

۱۔ لکھنا پڑھنا اور بولنا فعال طریقے سے ساتھ ساتھ سیکھ سکیں۔

۲۔ گروہی بحث، ردو قبول اور انفرادی مطالعہ کے خوگر ہو کر ایک دوسرے سے سیکھیں

۳۔ نثر اور نظم کی تشریح میں زیادہ دلچسپی کا مظاہرہ کریں۔

۴۔ سوچ اور اخذ کے عمل میں سب حصہ لیں اور قائدانہ صلاحیت سامنے لائیں اور یہ کہ کمزور طلباء میں تعلم کا عمل مؤثر ہو۔

۵۔ جملے درست کرنا، جملوں میں لفظوں کا استعمال، معنی تلاش کرنا، واحد جمع اور مونث مذکر وغیرہ کو زیادہ آسانی سے اور دلچسپ طریقے سے سیکھ سکیں۔

۶۔ اردو زندہ زبان ہے اسے وہ ان ماڈیول کے ذریعے پڑھ کر عام زندگی میں عام استعمال کرنے کے قابل ہو جائیں۔

مضمون اُردو

عنوان نثر (دیانت اور ایمان داری)

کلاس **7TH**

وقت **40** منٹ

تدریسی مقاصد: طلباء اس قابل ہو جائیں کہ۔

ا۔ اردو کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔

۲۔ نثر کی سلیس اردو بنا سکیں۔

۳۔ نثر میں آنے والے نئے الفاظ کو سمجھ کر اپنے جملوں (روزمرہ) میں استعمال کر سکیں۔

تدریسی مواد :۔

ا۔ تختہ تحریر۔ چاک۔ کاپی۔ پن

۲۔ لغت

۳۔ حدیث رسول ﷺ کا ایک چارٹ

منافق کی تین نشانیاں ہیں۔

ا۔ بات کرے تو جھوٹ بولے ۲۔ وعدہ کرے تو ایفا نہ کرے۔

۳۔ اس کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت کرے

فعالیاتی سرگرمیاں/سرگرمی نمبر 1

۱۔ کہیں کہ آپ کو کسی حدیث کا ترجمہ آتا ہو تو اپنی کاپیوں پر لکھیں۔

۲۔ ایک دو طلباء سے سنوانے کو کہیں۔ (۲ منٹ دیں)

۳۔ اب آپ حدیث رسولؐ والا چارٹ آویزاں کر دیں اس کی وضاحت کرتے ہوئے بتائیں کہ آج ہم سبق دیانت پڑھیں گے۔

سرگرمی نمبر 2

۱۔ طلبا کے گروپ بنالیں۔

۲۔ کہیں کہ کتاب کا صفحہ نمبر 4 کھولیں

۳۔ صفحہ کے دو حصے کریں۔ ہر حصہ مختلف گروپ کو دے دیں۔

حصہ ا: دیانت اور امانت.................................جس کی نظیر نہیں ملتی۔

حصہ ب: نبوت سے قبل.................................غلام میسرہ کو آپؐ کے ہمراہ روانہ کیا۔

۴۔ زیادہ گروپوں کی صورت میں ایک حصہ دو یا دو سے زیادہ گروپوں کو دیں۔

۵۔ انفرادی مطالعے کا کہیں اور مشکل الفاظ پنسل سے نشان لگانے کو کہیں۔ (پانچ منٹ دیں)

۶۔ مشکل الفاظ کو بحث مباحثے کے ذریعے اخذ کرنے کا کہیں۔

۷۔ زیادہ مشکل الفاظ کیلیئے لغت دیکھنے کا کہیں۔

ممکنہ الفاظ یہ ہو سکتے ہیں (B.B. Activity) تختہ تحریر کی سرگرمی

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
حسنہ	اچھا	لقب	وہ نام جو خاص صفت کی وجہ سے مشہور ہو جائے
سپرد	حوالے	صادق	سچا
اوصاف	صفتیں/خوبیاں	معزز	عزت دار
نظیر	مثال	شہرت	مشہوری
راز	خفیہ بات	متاثر	اثر ہونا

۸۔ مختلف گروپوں سے کہین کہ الفاظ کے معنی باری باری بتائیں۔ (ایک ۔دو۔گروپوں سے سن لیں)
۹۔ الفاظ تختہ تحریر پر لکھتے جائیں (جیسا کہ تختہ تحریر کی سرگرمی میں لکھا ہے۔)
۱۰۔ ممکن ہے کچھ الفاظ رہ جائیں یا ادھورے معنی سامنے آئے ہوں آپ ان الفاظ کی وضاحت کر دیں۔
۱۱۔ کہیں کہ سبق کا مرکزی خیال کیا ہوسکتا ہے؟
۱۲۔ خود بھی مرکزی خیال بتائیں'' دیانت داری انسان کے ضمیر کی اطمینان دیتی ہے۔دوسرے لوگ اعتماد کرتے ہیں نفرتیں کم ہوتی ہے محبت زیادہ ہوتی ہے۔''

۱۔ کہیں کہ الفاظ کے معنی کی مدد سے اب پیرا گراف کی تشریح کریں۔
۲۔ کہیں کہ بحث مباحثے کے ذریعے پیرا گراف کی سلیس اردو لکھیں۔
۳۔ اس دوران مختلف گروپوں میں جائیں اور بحث مباحثے میں سب کی شرکت کو ممکن بنائیں (10 منٹ)
۴۔ باری باری ہر گروپ سے کہیں کہ وہ پیرا گراف کی بنائی ہوئی سلیس اردو سنائیں دوسرے گروپوں سے کہیں کہ وہ نوٹ کرتے جائیں۔
۵۔ آپ جہاں کمی محسوس کریں وہاں اپنی رائے دیں اور جہاں نثر کی مزید سلیس اردو کی ضرورت ہو اسے مزید سلیس بنالیں۔
۶۔ کہیں کہ اسی طرح دونوں پیرا گراف (نثر) کی سلیس اردو گھر سے اپنی کاپیوں میں لکھ کر لائیں۔

مضمون اردو

عنوان　　نظم (مٹی کا دیا)

کلاس　　8TH

وقت　　40 منٹ

تدریسی مقاصد: طلباء اس قابل ہو جائیں کہ۔

۱۔ نظم کو درست تلفظ اور لہجے میں پڑھیں۔

۲۔ نئے الفاظ کو سمجھ کر جملوں میں استعمال کریں (بول چال میں برتیں)

۳۔ نظم کا خلاصہ لکھ کر سکیں اور تشریح کر سکیں۔

تدریسی مواد۔

۱۔ تختہ تحریر۔ کاپی۔ چاک۔ پنسل/پن

۲۔ لغت

۳۔ قافیہ، ردیف، مطلع، اور مقطع کی تعریفوں کا چارٹ

فعالیاتی سرگرمی :

سرگرمی نمبر 1

۱۔ کہیں کہ آپ اپنی کاپیوں میں کوئی بھی شعر لکھیں جو آپ کو آتا ہو۔

۲۔ ایک دوسے انکے لکھے ہوئے شعر سنوانے کو کہیں۔

۳۔ ایک چارٹ دکھائیں جس پر قافیہ۔ ردیف۔ مطلع اور مقطع کی تعریفیں ہیں۔

قافیہ: وہ ہم صوت حروف جو پہلے شعر میں اور پھر دوسرے مصرے میں ہو۔ (دوا، شفا، اٹھا)

ردیف: وہ لفظ یا الفاظ جو قافیے کے بعد بار بار آئے۔لب......تمنا میری (میری۔ میری۔ میری)

مطلع: نظم یا غزل کا پہلا شعر جس میں دونوں مصرے ہم قافیہ ہوں۔

مقطع: نظم یا غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا نام بھی دیتا ہے (نام کبھی نہیں بھی دیتا)

۴۔ کہیں کہ آج ہم نظم مٹی کا دیا پڑھیں گے۔

سرگرمی نمبر 2

۱۔ طلباء کو گروپوں میں تقسیم کر دیں۔

۲۔ کہیں کہ نظم ''مٹی کا دیا'' کا انفرادی مطالعہ کریں۔

۳۔ کہیں کہ نئے الفاظ پر خط کھینچتے جائیں

۴۔ اس دوران تمام گروپوں میں جائیں اور انفرادی مطالعہ یقینی بنائیں

۵۔ کہیں کہ نئے الفاظ / مشکل الفاظ کے معنی بحث کے ذریعے اخذ کریں۔

۶۔ کہیں کہ زیادہ مشکل الفاظ کے معنی لغت میں دیکھیں۔

۷۔ کسی گروپ سے کہیں کہ مشکل الفاظ / نشان زدہ الفاظ کے معنی بیان کریں۔

۸۔ دوسرے گروپوں سے کہیں کہ اگر ان کیلئے کوئی اور مشکل لفظ ہے تو اسے بیان کریں۔

۹۔ جن الفاظ کے معنی طلباء نہ بتا سکیں ان میں آپ مدد کریں۔

سرگرمی نمبر 3

۱۔ آپ ہر گروپ کو نظم کا ایک ایک شعر دے دیں۔ گروپ کم ہوں تو دو دو اشعار بھی دیے جا سکتے ہیں۔

۲۔ کہیں کہ اخذ شدہ معنی کی روشنی میں اشعار کی تشریح کریں۔ (پانچ منٹ دیں)

۳۔ گروپوں میں جائیں اور سب کی شرکت یقینی بنائیں۔

۴۔ اب ہر گروپ سے باری باری اس کی کی ہوئی تشریح سنیں۔

۵۔ باقی گروپوں سے کہیں کہ وہ نوٹ کرتے جائیں۔

۶۔ جہاں کمی ہو آپ وضاحت کریں۔

۷۔ تمام گروپوں سے کہیں کہ بحث کے ذریعے مرکزی خیال لکھیں۔

۸۔ باری باری مرکزی خیال سنانے کو کہیں۔ جہاں اصلاح کی گنجائش ہو کریں۔ (۲ منٹ دیں)

۹۔ خود بھی مرکزی خیال بیان کریں ''دنیا کا اندھیرا کوئی ایک ختم تو نہیں کرسکتا'' مگر اپنے حصے کا چراغ اسے ضرور جلانا چاہیئے۔ اپنے حصے کی محنت سے اسے کرنا چاہیئے۔ (10 منٹ دیں)

۱۰۔ اب کسی ایک گروپ سے کہیں کہ وہ تشریح یا خلاصہ سنا دے وقت ہو تو سب گروپوں سے سن لیں۔

۱۱۔ اب آپ اپنے پاس لائی ہوئی نظم کی نثر تشریح / خلاصہ بھی سنا دیں اور کہیں کہ آپ موازنہ کر کے تشریح / خلاصہ کو بہتر بنا کر اپنی کاپیوں میں لکھ کر لائیں۔

مضمون اردو

عنوان گرائمر (اسم ذات کی اقسام)

کلاس 8th. 9th . 10th

وقت 40منٹ

تدریسی مقاصد:

ا۔طلباء اسم ذات کی مختلف قسموں کو سمجھ کران کی الگ الگ پہچان کرسکیں۔

۲۔اسم ذات کا استعمال (جملوں میں / تحریر میں) کرسکیں۔

تدریسی معاونات /مدد

ا۔ تختہ تحریر۔ پن۔ کاپی۔

۲۔ اسم ورک شیٹ جس میں طلباء مختلف قسموں کو الگ کریں گے۔

۳۔ اسمائے صورت کا چارٹ (چند اسمائے صوت)

سابقہ واقفیت / فعالیاتی سرگرمی

ا۔ پوچھیں کہ اسم معرفہ اور اسم نکرہ کسے کہتے ہیں۔

۲۔ کہیں کہ اسم نکرہ عام، چیز کا نام ہے۔ عام چیزیں تو بہت سی ہیں۔ کچھ عام چیزوں کے نام لکھیں۔ (2 منٹ دیں)
وہ بلی لکھیں گے میاؤں میاؤں نہیں لکھیں گے۔ کبوتر لکھیں گے لیکن غڑغوں غڑغوں نہیں۔ کار لکھیں گے شاہکار نہیں۔ دم لکھیں گے۔ دمچی نہیں۔ بوری لکھیں گے بوریا نہیں بارش لکھیں گے چھم چھم نہیں۔ انہیں بتائیں یہ بھی اس نکرہ ہیں۔ کہیں کہ آج ہم اسم ذات کی اقسام کے متعلق پڑھیں گے۔

سرگرمی نمبر 1

ا۔ طلباء کے گروپ بنائیں (اسم ذات کی سات اقسام ہیں ممکن ہو۔تو سات گروپ بنالیں یا کم گروپ بنا کر ایک سے زیادہ اسم ایک گروپ کو دے دیں)۔

۲۔ اسم ذات کی تعریف طلباء کی مدد سے تختہ تحریر پر لکھ لیں۔

"اسم ذات وہ اسم ہے جو ایک چیز کی اصلیت دوسری چیز کی اصلیت سے الگ ظاہر کرے"

۳۔ ممکن ہو تو طلباء کی مدد سے یا خود اسم ذات کی سات اقسام تختہ تحریر پر لکھیں۔

ا۔ اسم جنس۔ ۲۔ اسم آلہ۔ ۳۔ اسم ظرف۔ ۴۔ اسم صوت

۵۔ اسم مصغر۔ ۶۔ اسم مکبر۔ ۷۔ اسم جمع

۴۔ گروپوں کے مطابق 7 ذیلی عنوان تقسیم کریں۔(2 منٹ سوچنے کو دیں)

۵۔ ہر گروپ سے اسموں کی تعریفیں اخذ کرائیں جہاں کمی ہو خود مکمل کریں۔

اسم جنس: جس میں گروہ یا نوع (قسم) کا پتہ چلے۔ لڑکا۔گھوڑا۔ لڑکی

اسم آلہ: جس میں اوزار کے معنی پائے جائیں۔ تلوار۔ ہتھوڑی۔تیر

اسم ظرف: جگہ یا وقت کے معنی ہو جگہ کیلئے ظرف مکاں........ گھر، مدرسہ، باغ

اور وقت کیلئے ظرف زماں صبح۔ شام۔ آج۔ کل

اسم صوت: جان دار اور بے جان شے کی آواز......... کائیں کائیں۔ چھم چھم۔

اسم مصغر: وہ اسم جو چھوٹائی کو ظاہر کرے............. صندوق سے صندوقچی

اسم مکبر: وہ اسم جو بڑائی کو ظاہر کرے بات سے بتنگڑ

۶۔ ان سے کہیں کہ ان تعریفوں پر غور کریں اور پھر ان کی مثالوں میں اضافہ کرتے جائیں۔ ہر گروپ صرف اپنے تفویض (Assigned) کردہ عنوان کی مثالیں لکھے گا۔

سرگرمی نمبر 2

ا۔ اب انہیں وہ ورک شیٹ دیں جس پر مختلف نام لکھے ہوئے ہیں۔

۲۔ انہیں کہیں کہ جو اسم آپ کو تفویض کیا گیا ہے۔ اس کی نشاندہی ورک شیٹ میں کریں۔
(ورک شیٹ Module کے ساتھ آخر میں منسلک ہے)

۳۔ ہر گروپ سے کہیں کہ وہ باری باری ورک شیٹ سے اسموں کو پڑھے اور ان کی قسمیں (اقسام) بتاتا جائے۔

۴۔ باقی طلباء سے کہیں کہ وہ اپنے پاس موجود ورک شیٹ پر اسم کے سامنے اس کی قسم لکھتے جائیں۔

۵۔ تمام گروپوں کا کام مکمل ہونے پر ایک بار پھر کسی ایک یا دو طلباء کے ذریعے ورک شیٹ کو پڑھوائیں۔ اس طرح اسم ذات کی تمام اقسام پر ایک طائرانہ کام مکمل ہوگیا۔

۶۔ اب اپنے ساتھ لائے ہوئے مشہور اسمائے صفت کا چارٹ طلباء کو دکھائیں۔

سرگرمی نمبر 3

ا۔ ہر گروپ سے کہیں کہ وہ بحث مباحثے کے ذریعے پانچ پانچ جملے بنائیں جن میں ان کو دیے گئے اسم آجائیں۔
(پانچ منٹ دیں)

۲۔ ہر گروپ کو اپنے اپنے جملے سنانے کا کہیں۔

۳۔ باقی طلباء سے کہیں کہ وہ نوٹ کرتے جائیں۔

۴۔ ان سے کہیں کہ گھر میں ''اسم ذات'' کی اقسام کے دس دس مزید نام تلاش کر کے اپنی کاپی پر لکھیں۔

ورک شیٹ

اسم مصغر	آم سے امبیا
	انگنائی
	شہباز
	شہتوت
	لنگوٹ
	ترسوں
	بازو
	لڑکی
	گھر گھر
	مسجد
	شام
	ٹپ ٹپ
	مہاراجہ
	امام بارگاہ
	ہولا
	بھن بھن
	گلدستہ
	گٹھڑ
	سائیں سائیں
	بارات

اسمائے صفت کا چارٹ نمونہ

اسم	صفت	اسم	صفت
انجن	چھک چھک	دل	دھک دھک
بادل	گڑگڑ	سانپ	سوں سوں
بارش	رم جھم	سکہ	چھن چھن
مینہ	چھم چھم	شیر	دھاڑ
جہاز	گھر رگھر ر	طوطا	ٹین ٹین
چڑیا	چوں چوں	کتا	بھوں بھوں
بوندیں	ٹپ ٹپ	کوئل	کوکو
چکی	گھر رگھر ر	گرنا	دھڑام
جھینک	آچھی	گھڑی	ٹک ٹک
گھڑیال	ٹن ٹن	مکھی	بھن بھن